جنرل ہسپتال میں ڈینگی مریضوں کیلیۓ 212 بیڈز مختص ، 13 سی بی سی مشینیں فنکشنل

وزیر اعلیٰ اور صوبائی وزیر صحت کی ہدایت پر مریضوں کو مفت طبی و تشخیصی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں: پروفیسر الفرید ظفر

مشکل کی اس گھڑی میں ڈاکٹرز / نرسز مریضوں کا علاج پیشہ وارانہ مہارت سے سر انجام دیں

موجودہ انتظامات کو ڈینگی بخار میں مبتلا افراد کی صحتیابی تک برقرار رکھا جائے گا: پرنسپل پی جی ایم آئی کی اکیڈمک کونسل اجلاس میں گفتگو

طبی عملہ الرٹ، ڈینگی کے مشتبہ اشخاص کو کنفرم مریضوں سے الگ رکھا جا رہا ہے: ایم ایس ڈاکٹر ریاض حفیظ کی بریفنگ

موسمی حالات ڈینگی مچھر کی پرورش کیلیۓ موافق ہیں ، شہریوں کو صفائی ستھرائی پر توجہ دینا ہو گی : طبی ماہرین

لاہور 8 نومبر:......صوبے بھر میں ڈینگی کے بڑھتے ہوئے کیسز پر غور کرنے اور لاہور جنرل ہسپتال میں مریضوں کے علاج معالجے کے تسلی بخش انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کی زیر صدارت اکیڈمک کونسل کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈینگی بخار میں مبتلا مریضوں کے لئے قائم ڈینگی وارڈز میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی، ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس کی تعیناتی، ادویات کی فراہمی اور تشخیصی سہولیات کے علاوہ وائرس میں مبتلا لوگوں کے ساتھ آنے والے لواحقین کے مسائل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور اس حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔

اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جنرل ہسپتال ڈاکٹر ریاض حفیظ نے اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ہسپتال میں ڈینگی وائرس میں مبتلا افراد کے لئے 212 بیڈز مختص کیے گئے ہیں، ان پر مچھر دانیاں لگائی گئی ہیں تا کہ مریضوں کو مچھروں سے محفوظ رکھا جا سکے۔ مزید برآں مرض کی تشخیص کے لئے 13 سی بی سی مشینیں (بلڈ کی سیمپلنگ) کیلئے ہمہ وقت فنکشنل ہیں جبکہ ڈینگی وارڈ میں تینوں شفٹوں میں ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس اپنے فرائض بخوبی سرانجام دے رہے ہیں۔ مشینوں کے حوالے سے ایم ایس نے بتایا کہ 4 سی بی سی مشینیں ایمرجنسی، 5 مین لیب، 2 ڈینگی وارڈ، ایک بچہ وارڈ اور ایک شعبہ بیرون مریضاں میں پوری طرح فعال ہیں اور ڈینگی کے مشتبہ مریضوں کو کنفرم مریضوں سے الگ رکھا جا رہا ہے۔

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موسمی حالات ڈینگی مچھر کی پرورش کیلئے موافق ہیں جس کی وجہ سے مچھروں کی افزائش بڑھ گئی ہے اور ڈینگی بخار کے کیسز میں اضافہ ہو رہا ہے لہذا ڈینگی مچھروں کے افزائش کے ہاٹ سپاٹس کو ختم کیا جائے جس کے لئے شہریوں کو بھی حفظان صحت کے اصولوں اور صفائی ستھرائی پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار اور محکمہ صحت اس معاملے پر پوری طرح الرٹ ہے اور اس سلسلے میں تمام ضروری اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کے ویژن اور صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر یاسمین راشد کی ہدایت کے مطابق ٹیچنگ ہسپتالوں میں ڈینگی مریضوں کے علاج معالجے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے اور لاہور جنرل ہسپتال میں ان مریضوں کے علاج کیلئے تسلی بخش انتظامات کیے ہیں اور تمام ادویات اور تشخیصی سہولیات بلا معاوضہ فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس سے کہا کہ وہ مشکل کی اس گھڑی میں مریضوں کا علاج دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت اور ڈاکٹری پیشہ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے بے لوث فرائض سرانجام دیں تا کہ مریضوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ جنرل ہسپتال میں موجودہ انتظامات کو ڈینگی کے تمام مریضوں کی صحت یابی تک برقرار رکھا جائے گا اور ڈینگی وائرس ایس او پیز کے مطابق مریضوں کے علاج معالجے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔